بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

# رسولِ اسلام محمد ﷺ

## مسجد حرام اور مسجد نبوی میں دینی امور کی سربراہی کے ما تحت علمی کمیٹی

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

رسولِ اسلام محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے مختصر حالات: اس میں رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا نام ونسب، دیش، آپ کی شادی، رسالت، دعوت, نیز جن معجزات سے آپ کی نبوت کی تائید ہوئی، ساتھ ہی آپ کی شریعت اور آپ سے متعلق آپ کے مخالفین کا موقف، یہ سارے موضوعات زیر بحث آئے ہیں۔

## 1-آپ کا نام اور نسب نامہ, جائے پیدائش اور نشو ونما:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی محمد بن عبداللہ بن عبد المطلب بن ھاشم ہے, اور آپ حضرت اسماعیل بن ابراہیم علیہم السلام کی اولاد میں

سے تھے۔

اور وہ یوں کہ اللہ کے نبی ابراہیم علیہ السلام ملک شام سے مکہ مکرمہ تشریف لائے, ان کی بیوی ہاجر علیہا السلام اور ان کے فرزند اسماعیل علیہ السلام بھی ساتھ میں تھے وہ ابھی ماں کی گود ہی میں تھے کہ ابراہیم علیہ السلام نے اللہ کے حکم سے ان دونوں کو مکہ میں بسایا, جب وہ بچہ جوانی کی عمر کو پہنچا تو اللہ کے نبی ابراہیم علیہ السلام مکہ مکرمہ تشریف لائے, اور وہ اور ان کے فرزند اسماعیل دونوں نے مل کر کعبہ مشرفہ کی تعمیر کی, پھر اس گھر کے ارد گرد لوگوں کی بھیڑ اکٹھا ہونے لگی اور مکہ اللہ تعالی کی عبادت کرنے اور فریضہ حج ادا کرنے والوں کا مقام بن گیا, اور صدیوں تک لوگ ابراہیم علیہ السلام کے طریقے پر خالص اللہ کی عبادت اور اس کی وحدانیت کے ساتھ قائم رہے۔

پھر اس کے بعد بگاڑ نے جنم لیا, اور جزیرہ عرب کی حالت بھی اس کے آس پاس کے دوسرے شہروں ہی کی طرح تھی جہاں بت پرستی کے بہت سارے مظاہر موجود تھے, مثلا: مورتی پوجا, لڑکیوں کو زندہ دفنا دینا, عورتوں پر ظلم وستم, جھوٹی گواہیاں دینا, شراب نوشی, زناکاری یتیموں کا مال ہڑپ کر جانا اور سودی کاروبار وغیرہ۔

مسلمانوں اور نصاری کے یہاں ملتا ہے۔

آسمان ہی میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالی کی طرف سے نماز کا حکم دیا گیا، یہ وہی نماز ہے جسے مسلمان دن میں پانچ بار ادا کرتے ہیں، اور مکہ مکرمہ ہی میں آپ کو دوسری عظیم نشانی شق قمر کی شکل میں دی گئی یہاں تک کہ مشرکین نے اپنی آنکھوں سے چاند کو دو ٹکڑوں میں ہوتے دیکھا۔

قریش کے کافروں نے لوگوں کو آپ سے روکنے کے لیے ہر قسم کا حربہ اپنایا، آپ کے خلاف خوب چالیں چلیں اور آپ سے لوگوں کو نفرت دلائی، معجزات کی فرمائش میں سرکشی کا مظاہرہ کیا، آپ سے جھگڑنے کے لیے یہودیوں کا سہارا لیا تاکہ وہ طرح طرح کی دلیلوں کی مدد سے آپ کو ہرا سکیں اور لوگوں کو آپ کے پاس جانے سے روک سکیں۔

جب مسلمانوں پر کفار قریش کا ظلم وستم مسلسل جاری رہا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو ملک حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کی اجازت دے دی اور ان سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہاں پر ایک انصاف پسند بادشاہ ہے اس کے یہاں کسی پر ظلم نہیں ہوتا، وہ ایک نصرانی باشاہ تھا، لہذا مسلمانوں کے دو گروہ نے حبشہ ہجرت کی، جب یہ مہاجرین حبشہ پہنچے تو ان لوگوں نے نجاشی بادشاہ پر

امور سدھر جائیں اور لوگ ایک دوسرے کے ظلم سے محفوظ رہیں۔

## 7-آپ کے بارے میں آپ کے مخالفین کا موقف اور آپ کے حق میں ان کی گواہیاں

اس میں کوئی شک نہیں کہ تمام انبیاء کے مخالفین رہے ہیں جنہوں نے ان نبیوں سے دشمنی مول لی اور ان کی دعوت کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کیں, اور لوگوں کو ان پر ایمان لانے سے روکتے رہے, چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بھی آپ کی زندگی میں اور آپ کی وفات کے بعد بہت سارے مخالفین ہوئے لیکن ان سب پر اللہ تعالی نے اپنے نبی کی مدد فرمائی, زبانی ماضی اور حال میں بھی ان دشمنان رسول میں سے بہت ساروں نے اس بات کی گواہی دی ہے کہ آپ اللہ کے نبی ہیں اور یہ کہ سابقہ انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی طرح آپ بھی ایک شریعت لے کر آئے تھے, وہ یہ بات بخوبی جانتے ہیں کہ آپ ہی حق پر تھے لیکن سرداری کی چاہت, سماج کا خوف یا اپنے جاہ ومنصب کی بدولت حاصل کردہ مال ومتاع کے فقدان کا خدشہ ان میں سے اکثر لوگوں کو آپ پر ایمان لانے کی راہ میں رکاوٹ کا سبب بنتا ہے۔

# فہرست


رسولِ اسلام محمد ﷺ........................................ 2

مسجد حرام اور مسجد نبوی میں دینی امور کی سربراہی کے ماتحت علمی کمیٹی ................. 2

1-آپ کا نام اور نسب نامہ, جائے پیدائش اور نشوونما:........................... 2

2-مبارک خاتون سے مبارک شادی ........................................ 4

3-وحی کا آغاز ................................................ 5

4-آپ کا پیغام ................................................ 15

5-آپ کی نبوت کی نشانیاں, علامات اور دلیلیں ........................... 19

6-وہ شریعت جس کو رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم لے کر آئے۔ ................... 24

7-آپ کے بارے میں آپ کے مخالفین کا موقف اور آپ کے حق میں ان کی گواہیاں . 29


***

